سوال

(332) نماز عید ادا کرنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عیدین کے ادا کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عیدین کے ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ امام آئے اور لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائے ۔ پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد مزید چھ تکبیریں اور کہے، پھر فاتحہ پڑھے اور سورت قٓ پڑھے اور دوسری رکعت میں تکبیر کہتے ہوئے کھڑا ہو اور کھڑا ہو کر پانچ تکبیریں زائد بلند آواز سے کہے، پھر سورۂ فاتحہ اور سورۂ قمر پڑھے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عیدین میں ان دونوں سورتوں کی تلاوت فرمایا کرتے تھے ۔ اگر چاہے تو پہلی رکعت میں سورت اعلیٰ اور دوسری میں سورت غاشیہ پڑھ لے ۔ جمعہ وعیدین دو سورتوں میں مشترک اور دو سورتوں میں مختلف ہیں، سورت اعلیٰ اور سورت غاشیہ میں مشترک اور سورت قٓ اور قمر میں مختلف ہیں ۔ جمعہ میں آپ سورت جمعہ اور منافقون بھی پڑھا کرتے تھے ۔ امام کو چاہیے کہ وہ ان سورتوں کی تلاوت کرکے سنت کو زندہ کرے تاکہ مسلمانوں کو اس سنت کا علم ہو جائے اور ان کی قراءت میں وہ اجنبیت محسوس نہ کریں ۔ نماز کے بعد امام خطبہ دے، خطبہ کا کچھ حصہ عورتوں کے لیے خاص کر دے ۔ انہیں وہ احکام بتائے جو انہیں بجالانے چاہئیں اور ان کاموں سے منع کرے جن سے انہیں اجتناب کرنا چاہیے، جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 328

محدث فتویٰ